مرکزی دفتر
B-375، پہلی منزل، علامہ شبیر احمد عثمانیؒ روڈ
بلاک 6، گلشن اقبال، کراچی۔ پاکستان۔
+92-21-34993436-37
0333-4993437 · 0336-4993434

بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ

انجمن خدام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

ذیلی ادارے

قرآن اکیڈمی ڈیفنس
مسجد جامع القرآن، خیابانِ راحت،
درخشاں، اسٹریٹ 34،
فیز 6، ڈیفنس، کراچی۔
+92-21-35340022-24

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد
شارع قرآن اکیڈمی
بلاک 9، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔
+92-21-36806561

قرآن اکیڈمی کورنگی
متصل مسجد طیبہ،
سیکٹر 35/A زمان ٹاؤن،
کورنگی نمبر 4، کراچی۔
+92-21-35074664

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر
مسجد جامع القرآن، سالکین بسیرا،
بلاک 14، گلستان جوہر، کراچی
+92-21-34030119

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد
بنگلہ نمبر 176-B، بلاک C،
نزد کارڈیو ہسپتال، یونٹ نمبر 2،
لطیف آباد، حیدرآباد
+92-22-3407694

دی ہوپ اسلامک اسکول
قرآن اکیڈمی کورنگی، متصل مسجد طیبہ،
سیکٹر 35/A زمان ٹاؤن،
کورنگی نمبر 4، کراچی۔
+92-21-35078600

قرآن مرکز لانڈھی
مکان نمبر 861، سیکٹر 37-D،
متصل رضوان سوئیٹس، لانڈھی نمبر 2
0333-2815528

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تاریخ: 25 اکتوبر 2024ء حوالہ نمبر: 20-13/12124

عنوان: اطلاع سالانہ اجلاسِ عامہ (AGM)

محترمی و مکرمی
رکن انجمن خدام القرآن سندھ کراچی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ________ مزاج بخیر!

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی ذات سے امید اور دعا ہے کہ ہمارا یہ خط آپ کو ایمان و صحت کی بہترین کیفیت اور اہل و عیال کی کامل عافیت کے ساتھ موصول ہو اور آپ رضائے الٰہی کی کوششوں میں مصروفِ عمل ہوں۔ آمین

گرامی قدر! دستور کی دفعہ 6.2.3.1 کے تحت سال 24-2023 کے لئے "اجلاس عامہ" کا انعقاد ان شاءاللہ تعالیٰ مورخہ 3 نومبر 2024ء بروز اتوار صبح 09:30 بجے بمقام The Venue Banquet، عسکری IV، راشد منہاس روڈ، کراچی، زیر صدارت نگرانِ انجمن محترم شجاع الدین شیخ صاحب کیا جارہا ہے۔ اس خط کے ساتھ ایجنڈا برائے 38 واں سالانہ اجلاس اور 38 ویں سالانہ رپورٹ برائے سال 24-2023 آپ کے علم و مطالعہ کے لیے منسلک ہیں۔

جیسا کہ آپ بخوبی اس امر سے واقف ہیں کہ ہر ادارے کے لئے سالانہ اجلاس کئی اعتبارات سے اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ وابستگان کی ادارے سے دلی وابستگی اور دلچسپی کا اظہار اُن کی بروقت اور بھرپور شرکت سے ہوتا ہے تاکہ اپنے ہم خیال ساتھیوں سے ملاقات کا ایک موقع میسر آسکے۔ مزید برآں ذاتی طور پر اجلاس میں شریک ہو کر ادارے کے مقاصد اور کاموں کی تفاصیل سے آگاہی حاصل ہو سکے، مزید بہتری کے لیے مشورے دیے جاسکیں اور اگر کوئی امر وضاحت طلب ہو تو وضاحت طلب کی جاسکے۔

اس ضمن میں ہم انتہائی مشکور ہوں گے اگر آپ اپنے دیگر ساتھی اراکینِ انجمن جن کے علم میں اب تک یہ معلومات نہیں پہنچ سکی ہیں انہیں ہماری جانب سے اس سلسلے میں مطلع فرمائیں اور انہیں اور اپنے دیگر احباب کو بھی اجلاس میں لانے اور اس کارِ خیر میں اپنا حصہ ڈالنے کی ترغیب دلائیں۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم سب کو دینِ متین و قرآنِ حکیم کی اس خدمت میں اپنا بھرپور جانی و مالی تعاون ڈالنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین!

پروگرام
ان شاءاللہ تعالیٰ

اجتماع	9:15
تلاوت مع ترجمہ و نعت رسول مقبول ﷺ	9:30
گزشتہ روداد کی توثیق	9:50
افتتاحی کلمات از صدرِ انجمن	9:55
سالانہ رپورٹ 24-2023	10:10
ضیافت	10:25
آڈٹ شدہ حسابات 24-2023 / آڈیٹر کا تقرر	10:45
ہدیہ تشکر از سیکریٹری انجمن	11:05
اختتامی کلمات / خطاب از نگرانِ انجمن	11:15

خیر اندیش
محمد سلمان اشرف
سیکریٹری